ہم صحبتی شعرا یا خوبی شعرگوئی کسی موقع اور فصل پر منحصر
نکرکے ہمیشہ مشق بکثرت پڑہانا اور تازہ رکہنا شغل
موزونیت کا علاوہ بران قدرت رکہتا ہو کہ جملہ بحور
سالم و مزاحف بتحفظ وزن شعر کہے اور یہہ نو قسمین جو
نظم کی ہین سب اسکی نزدیک قدرت حاصل ہو غزل و
قصیدہ و مخمس و مسدس و ترکیب بند و ترجیع بند
و رباعی و قطعہ و مثنوی اور جسکو یہہ امور حاصل نہون
اوسپر اطلاق شاعر کا ہوگا اگرچہ خوش فکر بہی
مگر اوسکو موزون الطبع کہینگے لطیفہ ایک سادہ لوح
شخص کسی شاعر کے پاس گیا اور درخواست کی کہ مجکو

شعر کہنا سکہاتے اونہون نے کہا کہ علم حاصل
کرو کتابین عروض و قوافی کی پڑہو اساتذہ کو دیوان
دیکہو فکر شعر کے لئے ایسے مقامات مین اکثر بیٹہا کرو
جہان سبزہ اور دریا وغیرہ ہو اگر طبع موزون رکہتے ہو
تو البتہ کچہہ اشعار بہم پہونچینگے وہ مرد سادہ لوح ایکدن
دریا کے کنارے جہان سبزہ بہی تہا صبح سے
شام تک بیٹہا رہا وقت مغرب استاد کے پاس آیا
اور کہا کہ کیا خوب تدبیر موزونیت طبع کی آپنے
بتائی کہ مین نے اوسپر عمل کیا اور موزونیت حاصل
ہوئی چنانچہ ایک مصرعہ موزون کر لایا ہون دوسرا
مصرعہ آپ لگا دیجئے اور یہہ مصرعہ پڑہا مصرعہ

آب و دریا سبز ٭ اوستاد نے اوسکو احمق

جانکے یہہ مصرعہ لگایا ٭ مصرعہ ابجد حطی ہوز ٭ انتہی

بہر کیف چاہیے مبتدی کو کہ جسطرح شعر کہنا منظور ہو اوسکے

سب قوافی پہلے لکہے اونمین سے غور کرے

کہ کتنے قوافی خاص لایق گنجایش مضامین ہین اونمین جو

سہل ہین پہلے اونہین موزون کرے اول مصرعہ

ثانی لکہے بعد اوسکے مصرعہ لگاوے اور یہہ

بہی چاہیے کہ غزل کہا سے اساتذہ پر اکثر غزل کہے

کہ اوسپر سبز ہونا دشوار ہے اور اقسام اشعار

مین سے پہلے صرف ایک قسم غزل کی اختیار کرے

جب ہزار ہا غزل مختلف الوزن و قوافی کہہ چکے

اور ملکہ اور استعداد کامل حاصل ہو تب اور
اقسام کی طرف رجوع کرے ابتدا قصیدہ
و مثنوی و رباعی وغیرہ نہ کہے اور یہہ چند اقوال
حاسدین شعرا کے جو ہین مثلاً کچھہ لوگ یہہ کہتے
ہین کہ شعر کہنا گناہ ہے اور شاعری منحوس ہے
اور لطف شاعری ساتھ پیری ختم ہوا اور یہہ
ایک امر لا فایدہ ہے ان اقوال اپر عمل نکرے ایسی
ایسے اقوال واہیہ کے جواب مین ہماری کتاب
موسومہ بہ شوکت نادری بہم پہونچا کر دیکھے ایک
قطعہ ہمارا جو مناسب مقام ہو وہ یہہ ہے للمولف

پھر اسے جو ختم شاعر کہتے ہین لوگ گر	ابتدا ہے غور و فکر اور دل لگایا چاہئے

شاعری کیا ہے نبوت ہے جو کہیں ختم ہو | ہے یہی فیض سخن لیکن سخن فہم چاہیے

شاہنامہ ابھی اہل کمال اس زمانے کے کہہ سکتے ہیں مگر ویسا
قدرداں کوئی نہیں شعر ہنوز آں برحمت درفشان است
کی وقعت بیچارہ با محمود نشان است۔ ایک منشی نے کسی تاریخ میں
دیکھا تھا کہ ایک بادشاہ کی جب بیدار تخت شاہی جلوس
کیا تو ایک منشی ہمارے وہ قصیدے صنعت سجع میں لکھ کر
پیش کیا اور جس سے سنہ جلوس بھی نکلتا تھا اوس
بادشاہ نے صلہ بے انتہا دیا فی زمانا ایک منشی نے
ایک تخت نشین عالی کے جلوس کی وہاں نظر قصیدے
اوسی صنعت میں لکھ کر گذرانے حضرت کی گوشہ چشم
بھی نہ پھرا ایک شاعر نے قصیدہ ایک صاحب کی خدمت

مین گذرانا قصیدہ بہت بلند تھا مگر اون صاحب نے اوسکو
پڑھکر بدستخط خاص پیشانی قصیدہ پر لکھا کہ در دفتر مجانین
داخل باشد کلام منظوم بالاتر و فصیح تر سب اقسام
کلام سے ہے دلیل عظمت اور بزرگی کی ثابت ہی
اسیلئے کہ آغاز کلام اللہ کا ایک مصرعہ موزون ہے یعنی
بسم اللہ الرحمن الرحیم اور اور بہت سی آیات اوسکی
موزون واقع ہوئے ہین اور کلام موزون بہت اصفیا
اور اولیا اور علما کے عالم مین بکثرت موجود ہین پس
چاہیے کہ صحت الفاظ اور صفائی بندش و خوبی محاورات
و لطف معنی مین ہنگام موزونیت کے شعر بلیغ کیجاسے اور فکر
سرسری اتفاق ہو جملہ فصحا خصوص شاعر کو خطرے کے وقت

روزمرہ گفتگو مین بھی از راہ سہل انگاری غلطی کسی قسم کی زبان
پر نہ آئے ورنہ جب عادت غلط بولنے کی ہوتی ہی تو گاہ گاہ غلطی
بندش اشعار مین بھی ہو جاتی ہے اکثر الفاظ ہین کہ خواص اور
فصحا کی زبانون پہ بھی جاری ہین ساکن الاوسط متحرک الاوسط
اور متحرک الاوسط ساکن الاوسط ہو جاتے ہین مثلاً سمع او شمع اور ایسی ہی
مثال متحرک الاوسط کے سمجھنا چاہیے اور بجائے سمع تو متحرک الاوسط
کو ساکن الاوسط باندھ جاتے ہین جیسا کہ اس مصرعہ مین مصرعہ
ملہ رین گلین بندھے نقابے شمع وین ہین ۞ ہر چند مروج ہو
مگر مستحسن الترک ہے اکثر ساکنان دیہات و قصبات معمولی
مستضر اکثر ہو بعض الفاظ کو جو کہ خلاف اردو ہین اپنی زبانون
پر جاری کیے ہین شہر ساکنان دیہات و قصبات مشرق

لکھنؤ کا بھی حال ہے بعض اونمین سے لکھتا ہون تاکہ وہ لوگ
ہنگام موزونیت احتیاط کرین از انجملہ یہی استعمال
ساکنان مغرب لکھنؤ یہہ لوگ اکثر چند الفاظ کو مذکر بولتے
ہین کہ درحقیقت مونث ہین اور چند الفاظ کو کہ درحقیقت
مذکر ہین مونث بولتے ہین مولف نے ایک قرن کے تجربہ
کرکے دریافت کیا ہے مثال مذکر مثلاً غزل و آواز
و جان و سیر و خلش و تکرار وغیر ذلک اور مثال مونث
کی یہہ ہے آرام و دام و باجا و میوہ و پانی و نفع
و سال و بس و رواج و تنباکو و رستہ و قلم
و شعر و خواب و پوجا و بالا و سایہ وغیر ذلک
اور جب ایک لفظ مونث کی مذکر اور مونث دو لفظ

اور چاشتے اور دوپہرے مین جو باسے ہوتے ہے
اوسکو بکسر و استعمال کرتے ہین اور باغ اور درخت
لگانے کو باغ اور درخت رکہنا اور خیمہ نصب ہونے کو
خیمہ لگایا جانا اور سنگ گہاٹونکو بسبب انت زبان پر لاتے
ہین اور الفاظ چار حرفی جنکے تیسرے حرف کو بکسرہ لیتے
ہین جیسے آفت اور ماتم اور جعفر اور جتنے حرف عربی
کے بروزن مفعول کے مشدد ہون بجای فتحہ کے کسرہ
زبان پر لاتے ہین مثلاً مکمل اور مقرب وغیر ذلک اسم مفعول
کو مکمل اور مقرب بطور اسم فاعل بالکسر اور الفاظ مفتوح
الاول کو مکسور الاول بولتے ہین مثلاً کیفیت کو کیفیت
اور مکسور الاول کو مفتوح الاول زبان پر لاتے ہین

مثلاً مین کو مَین اور الفاظ مضموم الاول کو مفتوح الاول

مثلاً موٹا ہے کو مونڈھا اور لفظ کو مضموم الاول کہ بضمہ

مجہول ہے اوسکو بضمہ معروف استعمال کرتے ہین چنانچہ

سودا نے ہجو حکیم مین لفظ کو کہ بضمہ مجہول کاف رو کے

ساتھہ قافیہ کیا ہے اور رو بضموم معروف ہے اور

دہنی بائین کو داہین بائین اور ساتہہ کو سنگ کہتے ہین

اور اگر کسی سے پوچھو کہ تمہارا کیا نام ہے تو اکثر جواب مین

کہتے ہین کہ مجھے یار علی کہتے ہین اور حال آنکہ یہہ چاہیے

کہنا کہ مجھکو یار علی کہتے ہین سے کی جگہہ پر کو بولنا چاہیے

اور بعض حرفون مین جسبار زائد ہین جنس بکثرت

بولتی ہے مثلاً اگر مین لوٹے کی منڈی اور جہان پان کی

بکتے ہین مثلاً لکھنو مین بانس کی منڈی اور ہماری
بستی مین کہ مسقط الراس مولف کا ہے جہان دال بکتی
ہے اوسکو دال کی منڈی کہتے ہین مگر بخلاف سب
شہرون کے فرخ آباد مین بعد نام بازار کی لفظ ہائی
کا اضافہ کیا جاتا ہے مثلاً گنیش ہائی اور دلہائی اور
لفظ ہی کو جو ہندی مین تخصیص کے لئے آخر مین مقرر ہے
مثلاً رام غلام ہی کو کہا تھا سو ہی کو درمیان مین
لاتے ہین یعنی رام ہی غلام کو کہا تھا اور حرکوا
اور جٹی دو ظاہر معروف کو لوگ پڈری اور ٹیا بولتے
ہین اور کنکوے کو لعبدرا اور جھانا یعنی
کسی باغ یا مکان یا صحن یا تالاب مین چارون طرف

گہومنا اور لوٹنا بجاے پہیرنے کے اور ٹکلی
کو پوڑا اور پہونچی کو پوہنچی بولتے ہین از انجملہ
ہی ساکنان اضلاع مشرقی لکہنو یعنی الہ آباد و
بنارس سے پورب و نیز نواح مین جو دیہات اور قصبات
واقع ہین جیسے ٹانڈے کے لوگ چند الفاظ کو کہ مذکر ہین مونث بولتے ہین
مثلاً ہاتہی آئی اور لشکر گئی اور جمع مذکر کی باضافہ
یا اور نون کے لفظ آخر مین بولتے ہین مثلاً چاولین اور
مکانین اور سپاہی گہوڑے پالکی کہیلی اور اکثر الفاظ
سہ حرفی مین الف آخر کو یای حطی کے ساتھ بدل
دیتے ہین مثلاً ہوا کو ہوی اور قبا کو قبی وغیر ذلک اور
یا بعضی بجاے لفظ ویسے کے سا کا لفظ آخر مین اضافہ کرتے ہین

مثلاً اکیسوین کو اکیسا اور بائیسوین کو بائیسا اور بول
چال دہقانیان مشرق کی بہت سے اسطرف اعتنا نکیا
گیا ازانجملہ دو ایک بطور نمونہ لکہی جاتی ہین مثلاً دوسرے یہہ لفظ
مخاطب معزز کے لیئے بجاے آپکے اور تمہو بجاے تعداد مثلاً
دو ہوا اور چار ہوا اور خبر لفظ مونث کی اکثر مذکر لیتے
ہین مثلاً دوا کہیا اور روٹی کہایا اور ایسا ہی کہ جمع کی جگہہ
مفرد بولتے ہین مثلاً چار بجا ہوگا یا بازار سے پان آیا ہوگا اور
پانی برسنے کا آثار ہی اور جاڑے کا ایام آتا ہے اور حال انکہ
ان مقامون مین ترکیب مستعمل ہونا چاہیے تہا چار بجے اور پان آئے اور پانی برسنے
کے آثار ہین اور جاڑے کے ایام آئے چنانچہ مولوی [illegible] صاحب مرشدآبادی
کے فقرہ کی ٹیپ سے یہہ بات ثابت ہوتی ہے ٹیپ

تھا جو اہل شاعری نے پایا سہن کو	چار و ناچار تیرا گایا ہین کو

اس مقام پر پیرا لگا موزون کرنا اونکو چاہیے تھا ظاہر یہہ ہے کہ اب پر
فصحا کے سے لئے واجب الترک ہین اور یہہ لوگ کہتے
ہین کو پیرے پہرنا اور اچہی کوئی لگتے ہین

فصل چہارم

مختصر اور بیان قواعد و مصطلحات و مرکبات صرف اردو یہان
تک مولف لکھ چکا تھا اور ارادہ ختم کرنیکا تھا کہ بعض احباب باعث
ہوئے واسطے لکہنے کچہہ قواعد صرف اردو کے عذر کیا گیا کہ اس بحث
مین بعض کتابین مبسوط لکہی گئی ہین جو حضرات مزاج لطافت
پسند رکھتے ہون وہ اون کتابون سے رجوع کر سکتے ہین تو
رسالہ اس بحث مین تالیف نہین ہوا اگر یہہ بات مقبول
طبایع نہوئی ناچار بحکم ما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ کچہہ مصطلحات

اور مرکبات علم صرف کے بکمال ایجاز کہ بنا اس رسالہ کی اختصار
پر رکھی گئی ہی ساتھ لکھے جاتے ہیں اور جو امور مخصوص ہندی میں آتے ہیں اوسی
قدر پر اکتفا کیا گیا عربی اور فارسی کے قواعد سے کچھہ علاقہ نہیں
ہی **اصطلاحات قواعد یہہ ہیں** حرکات ثلثہ
پیش اور زبر اور زیر کو کہتے ہیں **اور** متحرک وہ حرف ہے جسپر پیش
یا زبر یا زیر ہو **اور** مضموم و مرفوع وہ حرف ہے جسپر پیش ہو **اور**
مفتوح و منصوب وہ حرف ہے جسپر زبر ہو **اور** مجرور و مکسور وہ حرف ہے
جسپر زیر ہو **اور** ساکن اور وہ حرف ہے جسپر جزم ہو **اور** مشدد
وہ حرف ہے جسپر تشدید ہو **اور** تنوین اوسکو کہتے ہیں کہ حرف آخر
لفظ پر حرکات ثلثہ دو بار لائی جاویں مگر درحقیقت نون ساکن
اوسکو کہتے ہیں **اور** غنہ سے مراد ہے کہ نون آخر الفاظ خوب ظاہر

نہو مخفف پڑہا جاتا ہے اور حرف علت تین ہین الف واو یا
کہ جسکا مجموعہ وای ہوتا ہے اور الف ممدودہ وہ کہ دوسرے الف کے
ساتہہ ملے اور مقصورہ بر خلاف اسکا اور موقوف وہ ہے کہ وہ اور
ماقبل اسکا متحرک ہو معجمہ حروف منقوطا اور مہملہ غیر منقوط کو کہتے
ہین اور فوقانی وہ حرف ہین کہ جنکے اوپر نقطہ ہوا اور تحتانی
وہ حرف ہین کہ جنکے نیچے نقطہ ہوا اور موحدہ ایک نقطہ والے اور
مثناۃ دو نقطہ والے اور مثلثہ تین نقطہ والے کو کہتے ہین اور معروف
وہ ہین کہ جنکے واو کا ضمہ خوب ظاہر پڑہا جاوے اور مجہول برعکس اسکے
اور ایسا ہی حال کسرہ یای معروف و مجہول کا اور مخدوف
حروف مشددہ کو کہتے ہین اور واو معدولہ وہ ہے کہ لکہنے
مین آوے و پڑہا نہ جاوے اور ہاے مختفی کو واسطے اظہار حرکت

آخر لفظ بین لکھتے ہین اور حروف متشابہ وہ ہین جو ایک صورت
کے ہون اور مخفف وہ حرف ہے جو کسی لفظ سے کم کیا جاے اور لفظ
کو صیغہ سمجھنا چاہیے اور مشتق کلمہ مستخرجہ کو کہتے ہین اور قسمین اوسکی
سات ہین اسم فاعل و اسم مفعول و صفت مشبہ و اسم تفضیل و
اسم آلہ و اسم ظرف و اسم حالیہ اور مخاطب وہ شخص ہے جس سے خطاب
کیا جاوے اور مرادف وہ دو لفظ ہین کہ ایک معنی کے ہون اور
نکرہ وہ ہے کہ شخص غیر معین پر اطلاق اوسکا ہوا اور معرفہ وہ ہے کہ کہنا
اوسکا ایک شخص معین پر درست ہوا اور مقدر وہ ہے کہ عبارت مین نہو
اور معنی اوسکے لیے جاوین اور اشباع زائد کرنا حروف علت کا
اور ترخیم دور کرنا حرف کا کلمہ کے آخر سے جاننا چاہیے
کہ کلمہ ایک لفظ ہے اور پر تین قسم کے اسم و حرف و فعل اسم وہ ہے

کہ جسکے معنی میں زمانہ نپایا جاوے اور حرف وہ ہے کہ بغیر اور کلمہ ملائے
اُسکے معنی حاصل نہوں اور فعل وہ ہے کہ جسکے معنی میں زمانہ پایا جاوے اور زمانے
تین ہیں ماضی و حال و استقبال اور قسام ماضی کے چھ ہیں ماضی قریب ماضی بعید ماضی
مطلق ماضی استمراری ماضی شکیہ ماضی تمنی اور یہہ سب مصدر سے مشتق ہوتے ہیں
اور علامت مصدر کی جیسے کہ فارسی میں دن اور تن ہے ایسی ہی
ہندیمیں نا ہے الابعض اور مصدر کی دو قسمیں ہیں ایک معروف جسکا فاعل
معلوم ہو دوسرے مجہول جسکا فاعل معلوم نہو اور مضارع بنتا ہے حال و
استقبال سے اور علامت مضارع کی عربی میں جیسے اتین ہے
اور ویسے ہی ہندیمیں آتا ہے ورآویگا اور علامت ماضی کی ہندیمیں
الف آخر لفظ کا ہے جیسا کہ عربی میں لفظ ماضی میں لام کلمہ یعنی حرف
آخر لفظ مفتوح ہوتا ہے اور جیسا کہ عربی میں جمع کے صیغہ مقرر ہیں ویسے ہی ہندیمیں

فقط دس صیغے ہوتے ہین دو مذکر غایب دو مونث غایب دو مذکر حاضر دو مونث حاضر اور دو متکلم مع الغیر مثبت او منفی چار صیغہ جو کم ہین اوسکی وجہہ ظاہر ہی کہ نہی مین درمیان تثنیہ اور جمع کے کچھہ فرق نہین اور امر و نہی مضارع سے بنتے ہین حاضر سے حاضر غایب سے غایب مجہول سے مجہول معروف سے معروف اور علامت نہی کے صیغہ مین اکثر ساکن ہونا حرف آخر کا ہی علامت نہی کی اضافہ کرنا نون اول لفظ مین اور جسطرح ماضی مین کئی قسمین ہین اسیطرح امر و نہی ہین بھی کئی قسمین ہین اور فعل کے لئے فاعل کا ہونا ضرور ہے پس علامت فاعل کی ہندی مین والا ہی اور الفاظ ہندی مین اگر آخر کو یای حطی و الف بڑہایا جاوے تو بھی علامت فاعل ہے مثلاً گویا اور ترکیب اسم فاعل کی جو فارسی لفظون کی ساتھہ مستعمل ہو وہین یہہ ہین کہ کسی اسم جامد پر صیغہ امر کا یا کوئی

فاعل کی اضافہ کیجاے تو معنی فاعل کے پیدا ہوتے ہین مثلاً
دستگیر و پرہیزگار و آہن گر و خردمند و شہزور و خشمگین و دردناک و
مہربان و آبدار و نشان بردار و سرپوش وغیرذلک اور علامت
مفعول کی ہندی مین نے لفظ گیا اور کو اور ہوا ہے اور قسمین مفعول کی
ہین مفعول فیہ مفعول لہ مفعول معہ مفعول مطلق اور یہہ عربی مین مضارع سے
بنتا ہی اور اسم تفضیل اور اسم آلہ ہندی مین نہین ہوتا مگر اسم ظرف
البتہ ہوتا ہی قسمین اوسکی دو ہین ظرف زمان اور ظرف مکان اور ہندی مین علامت
اوسکی لفظ مین ہے لیکن جھڑنا اور رمنا اگرچہ مصدر ہین لیکن معنی مکان کے
اونسے حاصل ہوتے ہین یعنی جھڑنا جگہہ جاری ہونے پانیکی اور رمنا جگہہ
جانوران شکاری کی اور فارسی الفاظ مستعملہ اردو مین جو علامتین
ظرف مکانکی ہین وہ یہہ ہین خانہ و دان و گاہ و ستان و

زار و سال و سالہ اور مبتدا اوسکو کہتے ہین جسسے جملہ کا آغاز
ہوا اور خبر اوسکو کہتے ہین کہ جسسے جملہ کا مطلب واضح ہوا اور
مضاف اوسکو کہتے ہین جو کہ اضافت کیا گیا ہو کسی شے کیطرف اور
جس شے کیطرف اضافت کیا گیا ہو اوسکو مضاف الیہ کہتے ہین اور
بدل اوسکو کہتے ہین کہ جسکو کسی شے سے بدلا ہو اور جس چیز کے ساتھ
بدلا گیا ہو اوسکو مبدل منہ کہتے ہین اور جاننا چاہیے
کہ الفاظ سہ حرفی ہندی مین اگر آخر حرف الف یا ہاے ہوز ہو تو انکو
جمع بنانے کے لئے یا اور کسی ضرورت کے واسطے یای حطی کے ساتھ
بدلنا جائز ہین مثلاً دادا کو دادے اور سالا کو سالے کہہ سکتے اور ایسا ہی
الفاظ سہ حرفی فارسی اور عربی کے لئے نہین سمجھنا چاہیے مثلاً سرا
کو سرے اور قبا کو قبے بولنا جائز نہین اور صفت کہتے ہین

ہین تعریف کرنیکو اور موصوف وہ ہے جسکی صفت کی گئی ہوا اور
مشبہ وہ ہے جو کہ تشبیہ دیا گیا ہو اور مشبہ بہ وہ ہے جس سے تشبیہ دی گئی ہو
اور علامت اوسکی ہندی مین لفظ سا کا ہی اور معطوف وہ ہے جو کہ عطف
کیا گیا ہو اور معطوف علیہ وہ ہے کہ جسپر عطف کیا گیا ہو کہ وہ ہندی مین
لفظ اور کا ہے اور موصول وہ ہے کہ بغیر صلہ کے ملے اوسکا مطلب حاصل
نہوا اور ضمیر وہ اسم ہے کہ بنایا گیا ہو واسطے غایب اور حاضر اور متکلم کے
اور قسمین اوسکے دو ہین متصل و منفصل اور افعال ناقصہ وہ ہین کہ جنکا فاعل
اور مفعول نہین ہوتا بلکہ اسم و خبر کو چاہتے ہین اور ترکیب ہے مراد
ملانا دو کلمون کا باہم اور مرکب وہ دو کلمہ ہین کہ آپسمین ملے ہون اور
قسمین جملے کی دو ہین خبریہ اور انشائیہ خبریہ کی یہہ قسمین ہین جملہ فعلیہ جملہ اسمیہ
جملہ شرطیہ جملہ قسمیہ جملہ معترضہ اور انشائیہ ہین امر و نہی و استفہام و ندا

وغیرہ ہین اور اضافت کی دو قسمین ہین لفظی و معنوی اور علامت
اوسکی ہندی مین کا اور کے ہی اور موزون وہ ہے جو کہ وزن کیا گیا
کسی چیز کے ساتھہ اور موزون بہ وہ ہے کہ جسکے ساتھہ وزن کیا جاے
اور نسبت اوسکو کہتے ہین کہ منسوب ہو کسی شے کیطرف جیسے
کہ عربی مین ملی اور فارسی مین فاختی اور ہندی مین جنگی اور مبنی
اوسکو کہتے ہین کہ حرکت اور سکون اوسکو بسبب عامل کے نہو جیسے
انا اور نحن اور ندا پکارنے کو کہتے ہین اور منادی وہ ہے جو پکارا جاے
ہندی مین اوسکے لئے کئی لفظ مقرر ہین مثلاً ای و ارے و ری
و او و اجی اور مستثنی اوسکو کہتے ہین جو کسی شے سے جدا کیا
جاے اور جسمین سے جدا کرتے ہین اوسکو مستثنی منہ کہتے ہین اور وہ لفظ
سوا اور مگر کا ہی اردو مین اوسکے لئے کوئی لفظ جدا گانہ مقرر نہین

اور علامت شرط و جزا کی اردو میں لفظ جو اور تو ہے اور
علامت تردید کی اردو میں لفظ چاہو اور نہیں تو ہے اور
علامت تصغیر کی اردو میں لانا ایک الف کا آخر لفظ مین ہے مثلاً گہوڑے
اور گہوڑیا اور علامت ایجاب کی اردو مین لفظ ہان اور جی کا ہے اور
اسم دو طرح پر ہے منصرف اور جامد منصرف وہ جو کہ گردانین جاوین اور جامد
وہ جنکی تصریف نہو سکے اور لازمی وسکو کہتے ہین کہ صرف فاعل ہی کو
چاہیے اور متعدی وہ جو کہ مفعول کو چاہیے اور متعدی کی تین قسمین ہین
متعدی بیک مفعول اور متعدی بدو مفعول متعدی بسہ مفعول اور
اسمائے اشارات اور استفہام اردو مین یہہ ہین وہ و کون
و کوئی و اس و جس و کس

فصل پنجم

مخصر مصطلحات و مرکبات عروض و قوافی مین عروض بالفتح

اون نام اوس علم کا ہی کہ جسکے اوزان شعر دریافت ہوتے
ہین اور شعر لغت مین جاننے کو کہتے ہین اور اصطلاح مین کلام موزون
مقفا کو کہتے ہین اساتذہ قدیم نے پندرہ بحور قرار دی ہین اور
چار یا پانچ اوزان اور بھی نکالے ہین اب نام ان بحرون کے جو اس
سے حاصل ہوے ہین قطعہ رجز خفیف و رمل منسرح و مجتث
بسیط و وافر و کامل ہزج طویل و مدید و مشاکل و متقارب
سریع و مقتضب + مضارع و متدارک قریب جدید
اور متاخرین نے گیارہ اوزان اور بھی انہین بحور سے استخراج کیے ہین اونکے
نام یہ ہین عریض و عمیق و سریم و کبیر و ذلیل و قلیب
و حمید و صغیر و اصم و سلیم و حمیم از انجملہ طویل
و مدید و بسیط و وافر و کامل ان بحرون مین اہل فارس نے کم

شعر کہتے ہیں اور بحور جمع بحر ہیں جیسے انہار جمع نہر اور مصارع کہتے ہیں کہ انکو ارکان
افاعیل کہتے ہیں اور یہ دس ہیں دو ان میں سے خماسی فعولن و
فاعلن ہر ایک سبب خفیف اور ایک وتد مجموع اور آٹھ ان میں سے سباعی
مفاعیلن و مفاعلتن ایک وتد مجموع اور ایک فاصلہ صغری سے مرکب ہیں
اور مستفعلن اور فاع لاتن اور مفعولات ہر ایک مرکب ہیں دو سبب خفیف
اور ایک وتد مفروق سے اور سبب اصطلاح عروض میں کلمہ دو حرفی
کو کہتے ہیں اگر حرف دوم متحرک ہو وہ سبب ثقیل ہوگا اور وتد
کلمہ سہ حرفی کو کہتے ہیں اگر حرف آخر ساکن ہو تو وتد مجموع اور
اگر درمیان کا ساکن ہو تو وتد مفروق کہتے ہیں اور فاصلہ کہ مجموعہ
سبب و وتد ہے دو قسم کی ہے صغری اور کبری فاصلہ صغری کلمہ چہار
حرفی کو کہتے ہیں کہ تین حرف اول اسکے متحرک ہوں اور فاصلہ

کبہی کلمۂ بحر کی کو کہتے ہیں کہ چار حرف اول کے سالم ہون مشترک الان

جاننا چاہئے کہ ہر ایک بحر تکرار ارکان قرار پائی ہے

ازانجملہ یہہ بیت بحریں ایک رکن کی تکرار سے حاصل ہوتی ہیں ہزج

و رجز و کامل و وافر و متقارب و متدارک اور یہہ نو

دو رکنوں کی تکرار سے حاصل ہوئے ہیں طویل و مدید و بسیط و

سریع و مجتث و منسرح و مضارع و مقتضب و بحر طویل

چار فعولن و مفاعیلن سے اور مدید چار فاعلاتن فاعلن سے

اور بسیط چار مستفعلن و فاعلن اور وافر آٹھہ مفاعلتن سے

اور کامل آٹھہ متفاعلن سے اور ہزج آٹھہ مفاعیلن سے

اور رجز آٹھہ مستفعلن اور رمل آٹھہ فاعلاتن اور سریع مستفعلن

مستفعلن و مفعولات دو مرتبہ اور منسرح مستفعلن مفعولات سے

چار مرتبہ اور خفیف فاعلاتن مستفعلن فاعلات سے دو مرتبہ اور مضارع
مفاعیل فاعلاتن سے چار مرتبہ اور مقتضب مفعولات مستفعلن سے چار مرتبہ
اور مجتث مستفعلن فاعلاتن سے چار مرتبہ اور متقارب آٹھہ فعولن سے
اور متدارک آٹھہ فاعلن سے اور قریب مفاعیلن فاعلاتن سے دو مرتبہ اور
جدید فاعلاتن مستفعلن سے دو بار اور مشاکل فاعلاتن مفاعیلن
مفاعیلن سے دو بار اور جو شعر آٹھہ رکن سے تمام ہوا اوسکو مثمن اور جو چھہ
رکن سے تمام ہوا اوسکو مسدس اور جو چار رکن سے تمام ہوا اوسکو
مربع اور جسکے ارکانمین تغیر نہوا اوسکو سالم اور جسمین تغیر واقع ہو
اوسکو مزاحف کہتے ہین اور رکن اول مصرعہ اول کو صدر
اور رکن آخر کو عروض کہتے ہین اور رکن اول مصرعہ دوم کو
ابتدا اور رکن آخر کو ضرب و عجز کہتے ہین اور جو رکن درمیان ارکان

سکے واقع ہوا اوسکو شعر کہتے ہین اب جاننا چاہیے

کہ علم عروض مین تقطیع ضروریات سے ہی اور تقطیع سے اصطلاحاً مراد

یہہ ہے کہ حروف شعر بہ اجزای ارکان کے موافق ہون متحرک برابر

متحرک کے ساکن برابر ساکن کے آئے اختلاف حرکات جائز نہین

اور تقطیع مین حروف ملفوظ معتبر ہین نہ مکتوبہ چنانچہ الف ممدودہ اور کسرہ

اشباع کو اور حرف مشدد کو دو حرف مثل کے شمار کرتے ہین

اور اگر دو حرف ساکن کسی لفظ مین ہون تو ایک کو ساقط کر دیتے ہین

اور واو عطف اور ہا کو نیز اون سب کو بجای حرف ملفوظ ہین اور کبھی ساقط

کر دیتے ہین اور ایسا ہی حال ہے تا مربوبیت کا یہان تک بیان علم کا

باختصار لکھا گیا اب حال زحافات و علل کا مختصر لکھا جاتا ہے

زحاف اصطلاحاً نام تغیرات جزئیہ کا ہی کہ ارکان مین واقع ہون

اور یہہ زحاف فقط بحر وافر مین آتا ہے کف بالفتح ساقط کرنا حرف

ساتوین ساکن کا فاعلاتن اور فاعلات سے اور یہہ زحاف بحر طویل اور

مدید و ہزج و رمل و خفیف و مجتث و مضارع مین واقع ہوتا ہے اور سریع

زحاف جو سب کو لگتے ہین مفرد ہین اب زحاف مرکب

لکھے جاتے ہین خبل بالفتح اول و سکون باہم اجتماع ہے خبن و طی

کو کہتے ہین یعنی مستفعلن سے فا اور سین کو اور مفعولات سے واو اور

کو دور کرتا ہے خزل بفتح خاء معجمہ اجتماع اضمار و طی

کا ہے کہ متفاعلن سے مفتعلن باقی رہتا ہے اور یہہ بحر کامل مین آتا ہے

شکل بالفتح خبن اور کف کا اجتماع ہے کہ فاعلاتن سے

فعلات اور مستفعلن سے متفعل بضم لام باقی رہتا ہے اور یہہ بحر خفیف

اور مدید اور رمل اور مقتضب اور مجتث مین آتا ہے نقص اجتماع عصب

اور کف کا ہی کہ مفاعلاتن سے مفاعیلان باقی رہتا ہی اور خاص بحر
وافر مین آتا ہی **تشعیث** یہہ حذف کرتا ہی ایک متحرک کو دو حرف
متحرک سے کہ وتد مجموع مین ہو یعنی فاعلاتن سے فالاتن باقی رہیگا
اور بحر خفیف و رمل و مدید و مجتث مین آتا ہی **معاقبہ** اصطلاح
مین اوسکو کہتے ہین کہ دو سبب خفیف جو شعر مین متصل ہوین اونکو زحاف سے
سلامت رکہے اور وہ صرف دو رکن ہین ایک مستفعلن اور مفاعیلن
اور یہہ زحاف بحر مدید و منسرح و رمل و وافر و ہزج و خفیف و طویل
و کامل و مجتث مین آتا ہی **مراقبہ** اصطلاح مین اوسکو کہتے ہین کہ سبب
جو مفاعیلن و مفعولات و مستفعلن مین آتے ہین اونکو حذف کرے
اور یہہ زحاف بحر مشاکل و مقتضب و مضارع و منسرح مین آتا ہی
مکانفہ اصطلاح مین اوسکو کہتے ہین جو بحر سریع و منسرح

وہ سبب خفیف ہوں اونکو سلامت رکہی **تشعیث** اصطلاح میں اوسکو
کہتے ہیں کہ جو سبب خفیف عروض ضرب مصرعہ میں واقع ہو اور ایک
الف زیادہ کریں جیسا کہ فعولن سے فعولان اور فاعلاتن سے فاعلاتان
اور یہہ زحاف بحر ہزج و رمل و مضارع و متقارب و مدید و طویل
و مجتث میں آتا ہی **ترفیل** اصطلاح میں اوسکو کہتے ہیں کہ جو وتد مجموع
ضرب مصرع میں واقع ہو اور سبب خفیف کو زیادہ کریں جیسا کہ مستفعلن
کو مستفعلاتن کریں اور یہہ زحاف بحر کامل اور رجز میں آتا ہی **خرم**
اور یہہ زحاف فقط اشعار عربی میں آتا ہی **خذف** اوسکو
کہتے ہیں کہ ساقط کریں سبب خفیف کو آخر رکن سے پس فعولن سے فعو
اور فاعلاتن میں فاعلا اور مفاعیلن میں مفاعی باقی رہتا ہی اور یہہ زحاف
بحر رمل و متقارب و مجتث و مدید و منسرح و خفیف میں آتا ہی **قطف**

اوسکو کہتے ہین کہ جو ساقط کرے سبب خفیف کو آخر رکن سے
جیسا کہ مفاعلتن سے مفاعل اور یہ خصوصیت رکھتا ہے بحر وافر سے
قصر اوسکو کہتے ہین جو ساقط کرے حرف ساکن کو سبب خفیف سے آخر رکن
جیسا کہ فاعلاتن سے فاعلات بسکون تا اور فعولن سے فعول بسکون
لام **قطع** اوسکو کہتے ہین کہ جو ساقط کرے ایک حرف کو آخر وتد
مجموع سے اور ساکن کرے ما قبل اوسکے جیسا کہ مستفعلن سے مستفعل اور
متفاعلن سے متفاعل اور یہ خاص ہے رجز و کامل و رمل
و متدارک و بسیط و مدید و سریع و خفیف و مجتث و مقتضب مین آتا ہے
حذذ بفتح حاء حطی و دو ذال معجمہ اوسکو کہتے ہین کہ جو ساقط
کرے وتد مجموع کو آخر رکن سے جیسا کہ مستفعلن سے مستف
و متفاعلن سے متفا اور یہ واقع بحر کامل و رجز اور متدارک مین آتا

صلم اوسکو کہتے ہین کہ جو ساقط کرے وتد مفروق کو آخر
رکن سے جیسا کہ مفعولات سے مفعو اور یہ بحر سریع و منسرح و مقتضب
مین آتا ہی **وقف** اوسکو کہتے ہین کہ ساکن کرے تا مفعولات
کی متحرک تا کو اور یہ تین بحرون مین آتا ہی سریع و منسرح و مقتضب
کسف اوسکو کہتے ہین کہ ساقط کرے حرف ہفتم کو جیسا کہ مفعولات
سے مفعولا اور یہ بحر سریع و منسرح و مقتضب مین آتا ہی
بتر اوسکو کہتے ہین جب کہ جمع کرے ثلم و حذف کو رکن فعولن مین
اور جمع کرے قطع و حذف کو فاعلاتن مین اور جمع کرے خرم
و جب کو مفاعیلن مین اور یہ بحر متقارب و منسرح و رمل و مضارع و مجتث
و خفیف مین آتا ہی **خرم** اوسکو کہتے ہین کہ ساقط کرے حرف اول
کو رکن سے شروع جیسا کہ مفاعیلن سے فاعیلن اور یہ بحر

منسرح و مضارع میں آتا ہی ثلم اوسکو کہتے ہیں کہ اسقاط
کرے حرف اول کو رکن فعولن سے جیسا کہ فعولن سے عولن
شتر ہم اوسکو کہتے ہیں کہ جمع کرے خرم و قبض کو رکن فعولن
میں عول باقی رہتا ہی اور یہ بحر طویل و متقارب میں آتا ہی
شطر ہم اوسکو کہتے ہیں جو کہ جمع کرے خرم و قبض کو
رکن مفاعیلن میں اور ساقط کرے حرف اول و پنجم کو پس
فاعلن رہتا ہی خرب اوسکو کہتے ہیں جو کہ جمع کرے خرم و کف کو
رکن مفاعیلن میں اور ساقط کرے حرف اول و ہفتم کو
پس فاعیل بضم لام باقی رہتا ہی اور یہ بحر منسرح و مضارع میں
آتا ہی نقص اوسکو کہتے ہیں کہ رکن مفاعلتن سے حرف اول
ساقط کرے اور فاعلتن باقی رہے اور [illegible]

آتا ہے قصم بفتحتین جمع کرنا ہے خرم و عضب کو رکن مفاعلتن میں
یعنی حرف اول کو ساقط کر کے حرف پنجم کو ساکن کرنا ہے پس
فاعلتن بسکون لام باقی رہتا ہے جم بفتحتین بمعنی جمع کرنا ہے
خرم و عقل کو رکن مفاعلتن میں یعنی حرف اول و پنجم کو ساقط کرنا ہے
پس فاعلن باقی رہتا ہے عقص بفتح عین و سکون قاف بمعنی
مجتمع کرنا ہے خرم و نقص کو یعنی رکن مفاعلتن سے حرف اول و ہفتم
کو ساقط کر کے حرف پانچویں کو ساقط کرنا ہے پس مفعول
باقی رہتا ہے اور خاص بحر وافر میں آتا ہے رفع اور یہ سقوط
کرنا ہے ایک سبب خفیف کو اول سے جس میں دو سبب خفیف ہوں جیسے
مستفعلن سے فاعلن باقی رہتا ہے اور یہ بحر منسرح اور خفیف میں
آتا ہے جب اور یہ رکن مفاعیلن سے دو سبب خفیف کو دور کرنا ہے

کہ مفاعیلن سے مفا باقی رہتا ہی قصم بالفتح اور یہہ جمع کرتا ہی حذف
و قصر کو رکن مفاعیلن میں پس مفاع باقی رہتا ہی ذلل بفتحتین اور یہہ
جمع کرتا ہی خرم و ہتم کو رکن مفاعیلن میں پس فاع باقی رہتا ہے اور یہہ
بحر ہزج و مضارع میں آتا ہی خلع بالفتح یہہ جمع کرتا ہی خبن و قطع کو
رکن مستفعلن میں کہ مفاعلن باقی رہتا ہی جحف بفتح جیم و سکون
حاے حطی اور یہہ عمل خبن کا رکن فاعلاتن میں کرتا ہی کہ فعلاتن باقی
رہتا ہے سبع بالفتح اور یہہ جمع کرتا ہی خبن و قطع کو رکن فاعلاتن
میں کہ فعلا باقی رہتا ہے اور رمل و مضارع میں آتا ہی نحر اور یہہ اسقاط
کرتا ہی وتد و سبب اور رہتا ہے مفعولات کا لا باقی رہتا ہی اور یہہ سریع و منسرح
و مقتضب میں آتا ہی جدع بدال مہملہ اور یہہ اسقاط کرتا ہی وتد و سبب خفیف
کو اول رکن سے اور ساکن کرتا ہی تاء مفعولات کو کہ لات باقی رہتا ہے

ہر سنہ بحور مذکورہ بین آتا ہی اگرچہ ہر ایک بحر سالم و مزاحف کی تشریح
سے بیع الفہمی کیواسطے لکہنا اشعار مثلہ کا مناسب تہا مگر خوفاً للتطویل
والاطناب کہنا اس رسالہ کے اختصار پر رکہی گئی ہے اسلئے خدمت طالبان
سے التماس ہے کہ زیادہ تشریح و تفصیل کے لئے رجوع بسایل
بسوطہ کیطرف فرماوین اور حال دوایر کا باختصار یہہ ہے کہ کل چہہ
دایرے ہین ایک مؤتلفہ دوسرا متفقہ تیسرا مختلفہ چوتہا مجتلبہ پانچوان منتزعہ
چہٹا مشتبہہ اول سے بحر وافر اور کامل متعلق ہین دوسرے سے متقارب اور
متدارک تیسرے سے بحر طویل و مدید و بسیط چوتہی سے بحر ہزج و رجز و رمل پانچوین
سے منسرح و مقتضب و مضارع و مجتث چہٹی سے بحر سریع و جدید و قریب و خفیف و مشاکل
و منشرح کو علاقہ ہی اور اوزان رباعی جدا اگانہ ہین اور رباعی کو
اختصاص بحر ہزج سے ساتھ ہی اور چوبیس وزن اور زحافات حاصل ہوتی

اخرم و خرب و قبض و کف و ہتم و جب و استر و بتر

ذیل اب کچھہ مختصر قواعد قوافی کے لکھے

جاتے ہین جاننا چاہیے کہ قافیہ عبارت ہے تکرار حروف معین الفاظ مختلفہ
مین کہ واقع ہوتے ہین اواخر مصرعہا اور اواخر ابیات مین و حروف قافیہ نو ہین
قطعہ قافیہ در اصل یک حرف است و ہشت آن تابع * چار پیش و چار پس این
مرکز اعداد این * حرف تاسیس و دخیل و ردف و قید آنگہ روی * بعد از آن وصل و
خروج است و مزید و نایرہ * اور چند قافیہ کی حرف آخر سبب ہی یا اول و
اوسکا ساکن ہے کہ نزدیک اوسکے ہوا اور وہ متحرک کہ ماقبل اوسکا ساکن ہو
بھی اول حرف قافیہ ہے لیکن اسے پیش دخیل یا ردف و قید بھی اول قافیہ مین
روی وہ حرف ہے کہ تحقیق قافیہ کی وابستہ اوسکی ہے اور تاسیس
الف ساکن کو کہتے ہین جو کہ قبل روی آوے اور ایک متحرک درمیان

اوسکے اور ردی کے اوسط ہوئی ور اوس متحرک کو دخیل کہتے
ہین مثلاً یا در لفظ مائل و سائل ورنہ سید قافیہ ہین اور قبیل لزوم
مالایلزم ہے اگر التزام اوسکا نکرین تو مائل کو ساتھہ گل کے قافیہ
کر سکتے ہین ردف بالکسر مراد اوس الف ساکن سے ہے کہ جسکا ماقبل مفتوح
اور اوس واو ساکن سے کہ جسکا ماقبل مضموم اور اوس یاے ساکن سے جسکا ماقبل
مکسور ہو اور فاصلہ قبل ردی کے آوے مراد ہے مثلاً جان جہان خون
جیہون شیر و شمشیر اور یہہ حرف معروف اور مجہول دو طرح سے آتا ہے
معروف وہ ہے کہ ضمہ ماقبل واو و کسرہ ماقبل یا خوب ظاہر ہو مثلاً دود و نمود
و دید و چکید اور مجہول وہ ہے کہ یہہ حرف خوب ظاہر نہوون مثلاً رود و سرود
و بید و امید اور اجتماع ان دونون قسمون کا قافیہ مین جائز ہے مگر اختلاف
ردف قافیہ مین کسی طرح جائز نہین اور قید

کسرہ ہوتا ہی اور اختلاف ان حرفونکا جہان ردی ساکن ہو جائز نہین
اور حرکت ماقبل ردف کو حذو کہتے ہین اور وہ نام حرکات ثلثہ
کا ہی اور اختلاف حذو کا ساتھہ ردف کے جائز نہین اور حرکت
ماقبل ردی کو توجیہہ کہتے ہین اختلاف اوسکا بھی جائز نہین
لیکن اگر بسبب ردی حرف وصل کا متحرک ہو تو اختلاف توجیہہ کا جائز
ہو سکتا ہی اور حرکت حرف ردی کو مجری کہتے ہین اور حرکات
خروج اور مزید کو نفاذ کہتے ہین اور نایرہ متحرک نہین آتا ہی
بیان عیوب قافیہ کا یہ ہے اور وہ کئی طرح پر ہے اول
مقید کا ایک مصرعہ مین ساکن اور ایک مین متحرک لانا مثلاً خراب
اور تاب کو قافیہ کرنا اور ایسا ہی حال ہے حروف وصل کا
دوسرے اختلاف توجیہہ جیسے گل

اور دل کو قافیہ کرنا **تیسرے** اختلاف حرف ردف کا
یعنی دادا اور دیدا اور دود کو قافیہ کرنا **چوتھی** اختلاف ردی کا
یعنی صباح اور سیاہ کو قافیہ کرنا خصوصاً جب قرب مخرج کے رعایت نہو
تو اور بھی قبیح تر ہی **پانچویں** ایطاہی اور وہ مراد ہے تکرار
قافیہ سے ایک معنی پر اور ایطا کی ہی دو قسمیں ہیں خفی و جلی *
خفی وہ ہے کہ مثل آب و گلاب ہو اور مثال **جلی** کی یہہ ہے
مثلاً ہیا اور میا کو قافیہ کرنا اور تیرا اور میرا اور جیرا اور کیرا اور دردمند
اور حاجتمند و ستمگر و فسونگر و یاران و دوستان اسی قبیل سے ہیں
اور جمع ہونا انکا مطلع میں کسی طرح جائز نہیں اور جبتک کچھہ اشعار نہ کہے
جائے غزل یا قصیدہ میں تبتک تغیر قافیہ یا زیادتی یا نقصان حروف
جائز نہیں اور **ردیف** اوسے تکرار لفظ کو کہتے ہیں کہ ایک

مستقل یا بیشتر بعد قافیہ کے ابیات مین آوے اور حاجب
اوس کلمہ کو کہتے ہین کہ اول و آخر اوسکے قافیہ ہو جو کلمہ درمیان دو
قافیون کے واقع ہووے وہ حاجب ہے **خاتمہ** فی زماننا اکثر
کوئی اور شعر فہمی ایسی آسان ہو گئی ہے کہ حضرت جو شعر کہتے ہین تو املای الفاظ
موزون شدہ صحیح نہین لکھہ سکتے مثلاً لفظ صاعقہ کو بشکل ساعقہ لکھتے
ہین اور باایں استعدادی دعوی شاعری رکھتے ہین اور شعر فہمی کا یہہ حال ہے
لطیفہ ایک امیر ذی استعداد نے ایک بیاض اشعار چیدہ و منتخب بنائی تہی
سے بہت خوب مرتب کی تہی اس طرح پر کہ مثلاً ایک شعر صائب کا لکہا
اوسکے بعد جو اور اشعار صائب کے بہم پہونچے اوسکے نیچے لکہا اور
لفظ منہ یا وله یا ایضاً شاگرد نے لکہا اور جس شعر کے موزون کرنے
والے کا نام معلوم نہوا اوسپر شاگرد نے لا اعلم یا لا ادری لکھہ دیا

ایک مرد بزرگ وہ بیاض اپنے سیر کے لئے لیگئے جب واپس لائے
تو صاحب بیاض نے پوچھا کہ آپ کو کن کن شعرا کے اشعار پسند آئے
جواب دیا کہ سبحان اللہ ایک سے ایک بہتر ہی کسکو ترجیح دیجیے
مگر در حقیقت میاں لاالعلم و میاں لاپرہی و میاں منہ و میاں ولگہ
بڑے زبردست شاعر ہیں اور ولی ذی الضیا تو ایسا کہتے ہیں
کہ جواب اوسکا نہیں ہو سکتا ہے جاناچاہیے
اردو میں ہٹ بہوز اور تا ہندی بعد الفاظ ہندی کے اضافہ کرنے سے
صورت مصدر کی پیدا ہوتی ہے مثلاً اوبٹ اور ولاہٹ
اور گاہ گاہ واو اور تا ہندی کے آخر میں لانے سے بھی یہ صورت
پیدا ہوتی ہی مثلاً رکاوٹ اور کھاوٹ اور الف اور
نون کے بالای لفظ ہندی کے آنے سے معنی اوسکے نکلتے ہیں مثلاً

انجان معنی نا دانستہ اور مجہول معنی کی قیمت اور کبھی فقط حرف نون
کی دل لفظ میں لانے سے وہی کیفیت پیدا ہوتی ہے مثلاً نڈر و نڈل
اور ہر ایک رنگ کے لئے الفاظ جداگانہ اردو میں مقرر ہیں
مثلاً سفیدی کے لئے چٹا سرخ کے لئے چہچہاتا سبز کے لئے لہلہاتا
زرد کے لئے ڈہڈہاتا سوا اسکے خلاف موزون ہونا نہیں چاہئے
اور کہیں کی جگہ کہتی بھی غلط ہے اور ایسے امور واجب الترک ہیں
مثلاً اس مصرعہ میں مصرعہ کشور حسن ہے آباد تو کہتی کیا ہی اور
لفظ خدادی کا معنی خوگرفتہ زبان زد عالم ہے مگر لغت میں معنی
اسکے دشمن و پیدا کنندہ کے آئے ہیں اور جس چیز کی عادت
ہو جائے اسکو بھی کہتے ہیں یہ جو عادت کنندہ اور خوگرفتہ کے
محل پر بولتے ہیں غلط العام کہنا چاہئے اور ایسا ہی سمجھ کر کہا

حضرات تکرر سکر رکہتے ہین یہہ بھی غلط ہی جائے کہ ایسی جگہہ یکبارت
وبارت یا اور کوئی لفظ استعمال کرین اور ایزاد کا لفظ جو بمعنی
زیادہ اکثر مستعمل ہوتا ہے یہہ بھی ازروی لغت غلط ہے زیاد و زیادہ وغیرہ
صحیح ہی اور الف لام کا الفاظ ہندی و فارسی پر لانا مثلاً حسب اللہ
وحسب المقصود و فوق البھڑک وغیرہ اور زر الوارث لکہنا محض غلط ہے
اور ایسی الفاظ سے بھی اجتناب کرے مثلاً ملبوب مرغوب و ممدوح
وغیرہ ذالک اور روشنائی بجای مداد بہی غلط ہے چاہئے کہ سیاہی
و مداد بجای روشنائی مستعمل ہو اور لفظ تعیناتی بہی غلط ہے بجای
اوسکے متعین کہنا چاہیے اور لفظ آسامی کہ جمع اسم کی ہی بجای مفرد
غلط ہی مثلاً ایسا کہنا نہین چاہئے کہ فلان شخص کو بیس روپیہ کی آسامی
ہوئی یا فلان آسامی روپیہ نہین دیتے اور ایسا ہی حال لفظ تعینات کا

کہ اکثر لوگ نون آخر کو ترک کرکے ایک ہی نون کے ساتھہ اس لفظ کو لکھتے
ہین اور منسوب اگرچہ از روی صیغہ صحیح ہو مگر استعمال اہل عرب مین نہین
ہی پس اس مقام پر معاتب اگر مستعمل ہو تو اولی ہے اور یہی
حال لفظ خرادہ مستعملہ شیشہ گریان کا ہی کہ لغت نظر مولف سے نہین گذرا
اور جو لوگ کہ جوکی ساتھہ لفظ وہ کا قافیہ کرتے ہین یہہ بھی جائز نہین
اسلیے کہ وہ کے آخر مین ہا ہوز ہی جو کا قافیہ کیونکر ہو سکتا ہی اور
زبان اور ظلمات کی فتح اول قبائلی ہی بعض شعرا نے خلاف حرکت
سکون کے مستعمل کیا ہی اور ایسا ہی حال ہی تشدید غلو و لغو کا کہ اکثر
تخفیف بھی موزون کرتے ہین بہت بیجا ہی ورنہ ہموار رہا یہہ کہ خلاف
ان الفاظ کا استعمال نہو اگرچہ باوجود تصرف جتنا اہل زبان
کیے ہین کیا چاہیے اور چند الفاظ عہد دولت سلاطین وغیرہ کے

غازی الدین حیدر شاہ بادشاہ اودہ جاری ہوگئے کہ بہت خوش معنی
ہیں سب نے اونکو استعمال کیا ازانجملہ ہیں بالائی بجای ملائی اطہار بجای ابرار
اور پیش انداز بجای زیرانداز و رنگترہ بجای سنگترہ وغیرذالک اور
اسمای تذکیر و تانیث کا یہہ ضابطہ ہے کہ اسمای ذوی العقول میں ضمہ حرف
ماقبل واو آخر کا اگر معروف ہو تو غالباً باستثنای شیخ سدو وہ نام
ذکور ہی کا ہوگا مثلاً ممدوا کلوا اگر ضمہ حرف ماقبل واو آخر کا مجہول ہے
تو غالباً وہ باستثنای چھارو وہ نام اناث ہی کا ہوگا مثلاً سوا اور [illegible] کی
لوگوں کی اور بعض ساکنان قصبات کے نام عجیب و غریب ہیں مثلاً
اسمای ذکور چاکیا ہی امام باڑہ گل گلستان حسن غنچہ رستبان
تسبیح ربیع بالدین چھبیق الدین آفتاب الدین شیخ بھیری ربیع
الاول تعالیٰ محمد ماڑی اور ایک مرد بزرگ کا نام تھا گل رباغ علی ہے

سجع اونکا نام کا نگینہ پر کھدا ہوا تھا غنچہ شگفتہ گل زباغِ علی
از نسیمِ عنایتِ ازلی ☆ اسمائے اناث یا جیسے بڑی بی بی آسیہ
اور ان کہوتی بی بی یا حجرہ اور خاص عورت کے استعمال کے الفاظ بہت سے
ہین مثلاً ہلال کو اوپر والا اور شبکو وقت حکیم کو چھری والا کہنا اور
سانپ کو رسی اور ماموں اور چھپکلی کو سہکاری اور حیضہ کو
ہتھکارا بولنا و لفظ ونگوڑا و بلالون اور واری وور کو
وچی وودو پہار وغیرہ مگر اسطرف اعتنا نکیا گیا اور جو لوگ کہ سکھتے ہین
اور سیخ اور سخص اور کسافت اور بناسی اور پورانسی مین شین بیچ
لاتے ہین اور کاغذ اور کیونکہ مین قاف قرشت کو دخل دیتے ہین یا
فراخ کو مجاز اور زنجیر کو جنجیر کہتے ہین وہ خارج المبحث ہین اور
الفاظ محض زبان زد دہقانیان اضلاع مغربی کے ہین ایک

شمار حشرات الارض میں ہیں غلط نہیں کیا گیا اور وہ بہت ہیں
مثلاً یہہ فقرہ دو دو پوریں اٹھیں کو کلیو یعنی دو دو پوریاں اور
ہرن کا قلیہ اور یہہ کلیہ ہے کہ یہہ لوگ رے قرشت جو درمیان
لفظ کی واقع ہوا اوسکو لفظ میں ظاہر نہیں کرتے اور جو الف آخر
لفظ میں ہوا اوسکو ہاے کے ساتھہ بدل دیتے ہیں مثلاً ہرن کو ہن
اور صبح کو صبہ اور آیا کو آوا اور گیا کو گوا بولتے ہیں اور کھانے کو کہانا
کہتے ہیں اور ڈال دینگے کو پیر دینا اور روشنی کو چاندنا کہتے ہیں
اور بعض اشخاص دوسرے الفاظ بولتے ہیں مثلاً روٹی کو روٹی تفہ وقوہ
اور اسکو ازدواج کا اہتمام نہیں ہے الالق ترک کرتے ہیں بلکہ چہہ حرف اور ط
چہہ حرف ڑ و ڑ ک ٹ ک او لیتے ہیں اور بول چال اور تالک جہاں تک ایسے
الفاظ کے استعمال کا مضایقہ نہیں اور بہت سے ایسے الفاظ ہیں کہ